Masnoon Duas

21	اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِکَ وَ فُجَآئَةِ نِقْمَتِکَ وَجَمِيْعِ سَخَطِکَ. (مسلم) اے اللہ! بے شک میں تیری نعمتوں کے زوال سے اور تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے اور تیری سزا کے اچانک وارد ہو جانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
22	اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّ أَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ أَنْتَ. (ابو داؤد) اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں پس ایک لمحہ کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر اور میرے سب کام سنوار دے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔
23	اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا (مسلم) اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ کی جائے۔
24	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ صَبُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ شَكُوْرًا وَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ عَيْنِیْ صَغِيْرًا وَّ فِیْ أَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا. (حصن حصین) اے اللہ! تو مجھے بہت صبر کرنے والا اور بہت شکر کرنے والا بنا دے اور مجھے میری نظر میں چھوٹا اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا دے۔
25	اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَ لَا تَنْقُصْنَا، وَ أَكْرِمْنَا وَ لَا تُهِنَّا، وَ أَعْطِنَا وَ لَا تَحْرِمْنَا، وَ آثِرْنَا وَ لَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا، وَ أَرْضِنَا وَ ارْضَ عَنَّا (ترمذی) اے اللہ دے ہم کو اور کم نہ کر اور عزت دے ہم کو اور ذلیل نہ کر اور عنایت کر ہم کو (اپنی نعمتیں) اور مقدم کر ہم کو اوروں پر اور نہ مقدم کر ہم پر کسی کو اور راضی کر ہم کو اور راضی ہو تو ہم سے۔

26	اَللّٰهُمَّ إِنِّیٓ أَعُوْذُبِکَ مِنْ یَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَیْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ. (طبرانی) اے اللہ! بے شک میں برے دن، بری رات، بری گھڑی، برے دوست اور سکونت کے گھر میں برے ہمسایہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
27	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَ إِسْرَافِیْ فِیْ أَمْرِیْ وَمَآ أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ هَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ . (بخاری) اے اللہ! میری خطا، میری نادانی میرے کام میں میری زیادتی اور (وہ گناہ) جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے (ان سب کو) بخش دے۔ اے اللہ! مجھ کو ہنسی (مذاق) میں کئے ہوئے میرے گناہ اور قصداً کئے ہوئے اور بھول کر کئے ہوئے اور جان کر کئے ہوئے (سب) بخش دے اور یہ سب عیب میرے اندر ہیں۔
28	أَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِ کُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَ اٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ. (ابن ماجه) اے میرے اللہ! بے شک میں تجھ سے تمام بھلائیاں جلد ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) جن کو میں جانتا ہوں اس میں سے اور جن کو میں نہیں جانتا (سب) مانگتا ہوں اور جلد ملنے والی (دنیا کی) اور دیر سے ملنے والی (آخرت کی) تمام برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں خواہ میں ان کو جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔
29	اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ، وَ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ، وَ أَعُوْذُبِکَ أَنْ أُرَدَّ إِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَ أَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا، وَ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (بخاری) اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے، بزدلی سے، اس سے کہ میں ناکارہ عمر کی طرف لوٹایا جاؤں اور دنیا کی آزمائش سے اور تیرے عذاب سے۔

30	اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَ عَمَلِیْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكَذِبِ وعَيْنِیْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرِ. (بیہقی) اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے، میرے عمل کو ریا و نمود سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک کردے اور بے شک تو آنکھوں کی خیانت اور دلوں کی چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے۔